(٤٩) سُوْرَۃُ الْحُجُرٰتِ مَدَنِیَّۃٌ (١٠٦) اٰیَاتُہَا ١٨ رُکُوْعَاتُہَا ٢

سورۃ الحجرات مدنی ھے اور اس میں اٹھارہ آیتیں اور دو رکوع ھیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ
وَرَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ①

(١) اے ایمان والو! تم اللہ اور اس کے رسولؐ سے سبقت نہ کیا کرو، اور اللہ سے ڈرتے رہو، اللہ سب کچھ سننے اور جاننے والا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ
فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ
بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ اَنْ
تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ②

(٢) اے مسلمانو! جب نبی (ﷺ) کے حضور عرض حال کرو تو اپنی آوازوں کو ان کی آواز سے زیادہ بلند کر کے گفتگو نہ کرو اور نہ بہت زور سے بات چیت کرو، جیسا کہ آپس میں کرتے ہو۔ ایسا نہ ہو کہ اس گستاخی کے سبب تمہارے تمام اعمال ضائع ہو جائیں اور تمہیں خبر بھی نہ ہو۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ
اللّٰهِ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ
لِلتَّقْوٰى ۭ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ③

(٣) جو لوگ اللہ تعالیٰ کے رسولؐ کے روبرو اپنی آواز پست رکھتے ہیں یہی وہ لوگ ہیں جن کے دلوں کو اللہ تعالیٰ نے تقویٰ کے لئے آزما لیا ہے ان کے لئے بڑی مغفرت اور اجرِ عظیم ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يُنَادُوْنَكَ مِنْ وَّرَاۗءِ الْحُجُرٰتِ
اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ④

(٤) (اے پیغمبرؐ!) جو لوگ تمہیں مکان کے باہر سے (نام لے کر) پکارتے ہیں، ان میں اکثر ایسے ہیں جنہیں مطلق عقل و تمیز نہیں۔

وَلَوْ اَنَّهُمْ صَبَرُوْا حَتّٰى تَخْرُجَ اِلَيْهِمْ
لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ⑤

(٥) بہتر تھا کہ وہ صبر کرتے! اور جب تم باہر نکل آتے مل لیتے، اور اللہ بہت بخشنے والا، نہایت مہربان ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ جَاۗءَكُمْ فَاسِقٌۢ
بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْٓا اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًۢا بِجَهَالَةٍ
فَتُصْبِحُوْا عَلٰي مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ ⑥

(٦) اے مسلمانو! اگر تمہارے پاس ایک فاسق کوئی خبر لے کر آئے تو خوب تحقیق کر لو، ایسا نہ ہو کہ اس خبر کی بنا پر غلطی سے کسی قوم کو نقصان پہنچا دو اور آخر میں نادم ہونا پڑے!

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ فِيْكُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ۭ لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ
كَثِيْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ لَعَنِتُّمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ
الْاِيْمَانَ وَزَيَّنَهٗ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَكَرَّهَ اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ
وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ⑦

(٧) اور خوب یاد رکھو! کہ تم میں اللہ کا رسول موجود ہے۔ اگر وہ بہت سے معاملات میں تمہاری رائے پر عمل کرنے لگے تو تم مشقت میں مبتلا ہو جاؤ مگر اللہ نے تمہارے لئے ایمان کو محبوب بنا دیا اور اسے تمہارے دلوں میں خوشنما کر دیا اور کفر و فسق اور نافرمانی کی نفرت ڈال دی، ایسے ہی لوگ راست رو ہیں۔

فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَنِعْمَةً ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝٨

(٨) یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کے فضل اور اس کے انعام کی وجہ سے ہے اور اللہ بڑا جاننے والا اور بڑی حکمت والا ہے۔

وَاِنْ طَاۗىِٕفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا
فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ۚ فَاِنْۢ بَغَتْ اِحْدٰىهُمَا
عَلَي الْاُخْرٰى فَقَاتِلُوا الَّتِيْ تَبْغِيْ حَتّٰى
تَفِيْۗءَ اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ فَاۗءَتْ
فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَاَقْسِطُوْا ۭ
اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝٩

(٩) اگر مسلمانوں کی دو جماعتیں (آپس میں) آمادۂ جنگ ہوں تو ان دونوں میں صلح کرادو۔ اور اگر ان دو جماعتوں میں سے ایک اپنی سرکشی پر اڑی رہے تو اس سے اس وقت تک جنگ کرو جب تک کہ وہ فرمانِ الٰہی کی طرف رجوع نہ کرے۔ جب وہ باغی جماعت فرمانِ الٰہی کی طرف رجوع کرے تو پھر باہم عدل وانصاف سے صلح کرلو۔ اللہ صلح کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ
اَخَوَيْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝١٠

ع ١ ١٠ ١٢

(١٠) مومن تو ایک دوسرے کے بھائی ہیں۔ لہٰذا اپنے دو بھائیوں کے درمیان صلح کو قائم رکھو اور اللہ سے ڈرو۔ یہ امید کرتے ہوئے کہ تم پر اللہ تعالیٰ کی رحمت ہو۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ
عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا مِّنْهُمْ وَلَا نِسَاۗءٌ مِّنْ
نِّسَاۗءٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ ۚ وَلَا
تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ۭ
بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ بَعْدَ الْاِيْمَانِ ۚ وَمَنْ
لَّمْ يَتُبْ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝١١

(١١) مسلمانو! کوئی قوم کسی قوم کی ہنسی نہ اڑائے۔ شاید وہ اس سے بہتر ہو۔ اور نہ کوئی عورت کسی عورت کی ہنسی اڑائے شاید وہ عورتیں اس سے بہتر ہوں۔ آپس میں ایک دوسرے کی تحقیر کی غرض سے اشارہ بازیاں نہ کرو، لوگوں کے نام نہ بگاڑو۔ ایمان لانے کے بعد ایسے کاموں کا ہونا کیسی بری بات ہے! اور جو لوگ اس سے رجوع نہیں کرتے یقیناً ظالم ہیں۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ
الظَّنِّ ۡ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَّلَا تَجَسَّسُوْا
وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ۭ اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ
اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ ۭ
وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِيْمٌ ۝١٢

(١٢) مسلمانو! بہت بدگمانیاں کرنے سے اجتناب کیا کرو۔ دوسروں کے حالات کی جاسوسی نہ کرو۔ ایک دوسرے کی، پیچھے میں بدگوئی نہ کرو، کیا تم پسند کرتے ہو، کسی بھائی کی لاش پڑی ہو، تم اس کا گوشت نوچ نوچ کر کھاؤ؟ کیا تم کو گھن نہیں آئے گی؟ خوفِ خدا کرو! خدا توبہ قبول کرنیوالا اور رحمت والا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ
وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَاۗىِٕلَ
لِتَعَارَفُوْا ۭ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ
اَتْقٰىكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ۝١٣

(١٣) اے لوگو! ہم نے دنیا میں تمہاری خلقت کا وسیلہ مرد اور عورت کا اتحاد رکھا اور نسلوں اور قبیلوں میں تقسیم کردیا، اس لئے کہ باہم پہچانے جاؤ۔ (ورنہ دراصل یہ تفریق وانشعاب کوئی ذریعہ امتیاز نہیں) اور امتیاز وشرف اسی کے لئے ہے جو اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ متقی ہے۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ علیم وخبیر ہے۔

قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا ۭ قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا

(١٤) یہ جو عرب کے دیہاتی کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے تو ان سے کہہ دو کہ تم

وَلٰكِنْ قُوْلُوْٓا اَسْلَمْنَا وَلَمَّا يَدْخُلِ الْاِيْمَانُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۭ وَاِنْ تُطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَا يَلِتْكُمْ مِّنْ اَعْمَالِكُمْ شَيْــــًٔا ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٤﴾

ابھی تک ایمان نہیں لائے، (کیونکہ وہ دل کے اعتقادِ کامل کا نام ہے جو تمہیں نصیب نہیں) ہاں البتہ یوں کہو کہ ہم نے اس دین کو مان لیا۔ اور ایمان ابھی تک تمہارے دلوں میں داخل نہیں ہوا ہے۔ اور اگر تم اللہ اور اس کے رسولؐ کی فرمانبرداری اختیار کرلو تو وہ تمہارے اعمال کے اجر میں کوئی کمی نہیں کرے گا، بیشک اللہ بڑا بخشنے والا بہت مہربان ہے۔

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوْا وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ﴿١٥﴾

(١٥) درحقیقت تو مومن وہ ہیں جو اللہ اور اس کے رسولؐ پر ایمان لائے، پھر انہوں نے کبھی شک نہیں کیا اور اپنی جانوں اور مالوں سے اللہ کی راہ میں جہاد کیا۔ یہی لوگ سچے (مؤمن) ہیں۔

قُلْ اَتُعَلِّمُوْنَ اللّٰهَ بِدِيْنِكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿١٦﴾

(١٦) ان سے کہہ دیجیے، کیا تم اللہ کو اپنے دین کی خبر دیتے ہو؟ حالانکہ اللہ تو آسمانوں اور زمین میں جو کچھ بھی ہے سب کو جانتا ہے اور اللہ کو ہر چیز کا خوب علم ہے۔

يَمُنُّوْنَ عَلَيْكَ اَنْ اَسْلَمُوْا ۭ قُلْ لَّا تَمُنُّوْا عَلَيَّ اِسْلَامَكُمْ ۚ بَلِ اللّٰهُ يَمُنُّ عَلَيْكُمْ اَنْ هَدٰىكُمْ لِلْاِيْمَانِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿١٧﴾

(١٧) یہ لوگ تم پر احسان جتلاتے ہیں کہ انہوں نے اسلام قبول کرلیا۔ ان سے کہہ دیجیے کہ تم اپنے اسلام کا احسان مجھ پر نہ رکھو بلکہ اللہ تم پر احسان رکھتا ہے کہ اس نے تمہیں ایمان کی ہدایت دی۔ بشرطیکہ (تم ایمان کے دعویٰ میں) سچے ہو۔

اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿١٨﴾ ع ٢ ٨ ١٤

(١٨) یقیناً اللہ تعالیٰ زمین اور آسمانوں کی ہر مخفی چیز کا علم رکھتا ہے اور جو کچھ تم کر رہے ہو وہ سب اس کی نگاہ میں ہے۔

اٰیاتها ٤٥ (٥٠) سُوْرَةُ قٓ مَكِّيَّةٌ (٣٤) رکوعاتها ٣

سورۃ قٓ مکی ہے اور اس میں پینتالیس آیتیں اور تین رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

منزل ٧

قٓ ۣ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ۚ﴿١﴾

(١) قٓ قسم ہے قرآنِ مجید کی (کہ آپ ہمارے رسول ہیں)۔

بَلْ عَجِبُوْٓا اَنْ جَاۗءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ

(٢) بلکہ ان کو اس بات پر تعجب ہوا کہ ان کے پاس انہی میں سے ایک ڈرانے

فَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا شَيْءٌ عَجِيْبٌ ٢

والا آیا۔ اس پر کافر کہنے لگے، یہ ایک عجیب سی بات ہے۔

ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا ۚ ذٰلِكَ رَجْعٌۢ بَعِيْدٌ ٣

(۳) کیا جب ہم مر گئے اور خاک ہو گئے (تو دوبارہ اٹھائے جائیں گے؟) یہ (دوبارہ زندگی) تو بہت ہی بعید از عقل ہے!

قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ الْاَرْضُ مِنْهُمْ ۚ وَعِنْدَنَا كِتٰبٌ حَفِيْظٌ ٤

(۴) (اللہ تعالیٰ نے فرمایا) ہم جانتے ہیں کہ زمین ان میں سے کیا گھٹاتی ہے اور ہمارے پاس محفوظ رکھنے والی کتاب ہے۔

بَلْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ فَهُمْ فِيْٓ اَمْرٍ مَّرِيْجٍ ٥

(۵) بلکہ (اصل بات یہ ہے کہ) جب حق ان کے پاس آیا تو انہوں نے اسی وقت اسے جھٹلا دیا، غرض یہ لوگ الجھن میں پڑے ہوئے ہیں۔

اَفَلَمْ يَنْظُرُوْٓا اِلَى السَّمَآءِ فَوْقَهُمْ كَيْفَ بَنَيْنٰهَا وَزَيَّنّٰهَا وَمَا لَهَا مِنْ فُرُوْجٍ ٦

(۶) کیا ان لوگوں نے کبھی آسمان کی طرف نظر اٹھا کر دیکھا نہیں کہ کس طرح ہم نے اسے بنایا ہے۔ اور کس طرح اس کے منظر میں خوشنمائی پیدا کر دی ہے؟ پھر یہ کہ کہیں بھی اس میں شگاف نہیں۔

وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ ٧

(۷) اور اسی طرح زمین کو دیکھو، کس طرح ہم نے اسے فرش کی طرح پھیلا دیا اور پہاڑوں کے لنگر ڈال دیئے۔ پھر کس طرح قسم قسم کی خوبصورت نباتات اگائیں۔

تَبْصِرَةً وَّذِكْرٰى لِكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ٨

(۸) ہر اس بندے کے لئے جو حق کی طرف رجوع کرنے والا ہے۔ اس میں غور کرنے کی بات اور نصیحت کی روشنی ہے۔

وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً مُّبٰرَكًا فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ جَنّٰتٍ وَّحَبَّ الْحَصِيْدِ ٩

(۹) اور آسمان سے ہم نے بابرکت پانی نازل کیا۔ پھر اس سے بہت سے باغ اور اناج پیدا کیے جس کا کھیت کاٹا جاتا ہے۔

وَالنَّخْلَ بٰسِقٰتٍ لَّهَا طَلْعٌ نَّضِيْدٌ ١٠

(۱۰) اور بلند و بالا کھجور کے درخت پیدا کیے جن پر خوشے گتھے ہوئے ہیں۔

رِّزْقًا لِّلْعِبَادِ ۙ وَاَحْيَيْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا ۭ كَذٰلِكَ الْخُرُوْجُ ١١

(۱۱) (یہ سب کچھ) بندوں کو رزق دینے کے لئے ہے۔ اور اسی پانی سے ہم نے مردہ زمین کو زندگی بخش دی۔ اسی طرح (مردوں کا زندہ ہو کر قبروں سے) نکلنا ہوگا۔

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّاَصْحٰبُ الرَّسِّ وَثَمُوْدُ ١٢

(۱۲) ان سے پہلے قوم نوحؑ اور اصحابِ رس اور ثمود،

وَعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ وَاِخْوَانُ لُوْطٍ ١٣

(۱۳) اور عاد اور فرعون اور لوطؑ کے بھائی،

وَّاَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ وَقَوْمُ تُبَّعٍ ۭ كُلٌّ كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ وَعِيْدِ ١٤

(۱۴) اور ایکہ والے اور تبع (کی قوم کے لوگ) بھی جھٹلا چکے ہیں۔ ان سب نے پیغمبروں کو جھٹلایا۔ آخر کار میری وعید ان پر ثابت ہوگئی۔

ع ١٥

أَفَعَيِينَا بِالْخَلْقِ الْأَوَّلِ ۚ بَلْ هُمْ فِي لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ جَدِيدٍ ﴿١٥﴾

(١٥) کیا ہم پہلی بار پیدا کر کے تھک گئے ہیں؟ (نہیں) بلکہ یہ لوگ نئی تخلیق سے شبہ میں پڑے ہوئے ہیں۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنسَانَ وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهِ نَفْسُهُ ۖ وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيدِ ﴿١٦﴾

(١٦) اور یقیناً انسان کو ہم نے پیدا کیا ہے اور اس کے دل میں پیدا ہونے والے وساوس تک کو ہم جانتے ہیں اور ہم اس کی گردن کی شہ رگ سے بھی زیادہ اس کے قریب ہیں۔

إِذْ يَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّيَانِ عَنِ الْيَمِينِ وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِيدٌ ﴿١٧﴾

(١٧) جب دائیں اور بائیں بیٹھے دو فرشتے رکارڈ لیتے رہتے ہیں۔

مَّا يَلْفِظُ مِن قَوْلٍ إِلَّا لَدَيْهِ رَقِيبٌ عَتِيدٌ ﴿١٨﴾

(١٨) کوئی لفظ زبان سے نہیں نکالنے پاتا مگر اس کے پاس (نوٹ کرنے کے لیے) ایک نگہبان تیار رہتا ہے۔

وَجَاءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ۖ ذَٰلِكَ مَا كُنتَ مِنْهُ تَحِيدُ ﴿١٩﴾

(١٩) اور واقعی موت کی سختی آ پہنچی، یہی وہ چیز ہے جس سے تو بچتا پھرتا تھا۔

وَنُفِخَ فِي الصُّورِ ۚ ذَٰلِكَ يَوْمُ الْوَعِيدِ ﴿٢٠﴾

(٢٠) اور صور پھونکا جائے گا۔ یہی دن عذاب کے وعدے کا ہے۔

وَجَاءَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّعَهَا سَائِقٌ وَشَهِيدٌ ﴿٢١﴾

(٢١) اور ہر شخص اس طرح آئے گا کہ اس کے ساتھ (میدانِ حشر کی طرف) ہنکانے والا ہوگا اور ایک گواہ ہوگا۔

لَّقَدْ كُنتَ فِي غَفْلَةٍ مِّنْ هَٰذَا فَكَشَفْنَا عَنكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيدٌ ﴿٢٢﴾

(٢٢) (اور کہا جائے گا) تو اس چیز سے غفلت میں پڑا ہوا تھا، اب ہم نے تجھ پر سے تیرا پردہ ہٹا دیا ہے سو آج تیری نگاہ خوب تیز ہے!

وَقَالَ قَرِينُهُ هَٰذَا مَا لَدَيَّ عَتِيدٌ ﴿٢٣﴾

(٢٣) اور اس کا ساتھی (فرشتہ) کہے گا کہ جو میری سپردگی میں تھا، حاضر ہے۔

أَلْقِيَا فِي جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيدٍ ﴿٢٤﴾

(٢٤) (فرشتوں کو حکم ہوگا) تم دونوں ہر اس شخص کو جہنم میں ڈال دو جو ناسپاس اور حق سے عناد رکھتا تھا،

مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ مُّرِيبٍ ﴿٢٥﴾

(٢٥) خیر سے روکنے والا، حد سے تجاوز کرنے والا اور شک میں پڑا ہوا تھا۔

الَّذِي جَعَلَ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ فَأَلْقِيَاهُ فِي الْعَذَابِ الشَّدِيدِ ﴿٢٦﴾

(٢٦) جو اللہ کے ساتھ کسی دوسرے کو خدا بنائے بیٹھا تھا، سو ایسے شخص کو سخت عذاب میں ڈال دو!

قَالَ قَرِينُهُ رَبَّنَا مَا أَطْغَيْتُهُ وَلَٰكِن

(٢٧) اس کا ساتھی (شیطان) کہے گا، اے میرے رب! میں نے تو اسے گمراہ

كَانَ فِيْ ضَلٰلٍۭ بَعِيْدٍ﴿٢٧﴾	نہیں کیا تھا لیکن یہ خود ہی پرلے درجے کی گمراہی میں پڑا ہوا تھا۔
قَالَ لَا تَخْتَصِمُوْا لَدَيَّ وَقَدْ قَدَّمْتُ اِلَيْكُمْ بِالْوَعِيْدِ﴿٢٨﴾	(۲۸) ارشاد ہوگا، میرے حضور جھگڑا نہ کرو! میں تم کو پہلے ہی انجامِ بد سے آگاہ کر چکا تھا۔
مَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ وَمَآ اَنَا بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ﴿٢٩﴾ ع ۱۶	(۲۹) ہمارے ہاں جو بات ایک مرتبہ ٹھہرا دی گئی ہے، اس میں کبھی تبدیلی نہیں ہوئی۔ اور یہ بھی نہیں کہ ہم بندوں کے لئے زیادتی کرنے والے ہوں۔
يَوْمَ نَقُوْلُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَاْتِ وَتَقُوْلُ هَلْ مِنْ مَّزِيْدٍ﴿٣٠﴾	(۳۰) جس روز ہم جہنم سے پوچھیں گے، ''کیا تو بھر چکی؟'' اور وہ جواب دے گی، ''کیا کچھ اور بھی ہے؟''
وَاُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ غَيْرَ بَعِيْدٍ﴿٣١﴾	(۳۱) اور جنت پرہیزگاروں کے اس قدر قریب کردی جائے گی کہ کچھ بھی دور نہ رہے گی۔
هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِكُلِّ اَوَّابٍ حَفِيْظٍ﴿٣٢﴾	(۳۲) کہا جائے گا، ''یہی وہ جنت ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا کہ یہ ہر اس شخص کے لئے ہوگی جو رجوع کرنے والا اور (حقوقِ الٰہی کی) حفاظت کرنے والا تھا۔
مَنْ خَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ وَجَآءَ بِقَلْبٍ مُّنِيْبِۨ﴿٣٣﴾	(۳۳) جو بے دیکھے خدائے رحمان سے ڈرتا تھا اور اللہ کی طرف رجوع کرنے والا دل لے کر آیا ہے۔
ادْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُلُوْدِ﴿٣٤﴾	(۳۴) (کہا جائیگا) ''داخل ہو جاؤ جنت میں سلامتی کے ساتھ''! یہ دن ہمیشہ رہنے کا دن ہے۔
لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ فِيْهَا وَلَدَيْنَا مَزِيْدٌ﴿٣٥﴾	(۳۵) وہاں ان کے لئے وہ سب کچھ ہوگا جو وہ چاہیں گے اور ہمارے پاس اس سے بھی زیادہ بہت کچھ ہوگا۔
وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ اَشَدُّ مِنْهُمْ بَطْشًا فَنَقَّبُوْا فِي الْبِلَادِ هَلْ مِنْ مَّحِيْصٍ﴿٣٦﴾	(۳۶) اور ہم ان (کفار مکہ) سے پہلے بہت سی قوموں کو ہلاک کر چکے ہیں جو گرفت میں ان سے بھی زیادہ طاقتور تھیں، چنانچہ انہوں نے دنیا کے ملکوں کو چھان مارا، کیا کہیں کوئی جائے پناہ پا سکے؟
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِمَنْ كَانَ لَهٗ	(۳۷) بلاشبہ اس میں بہت بڑی بصیرت ہے ہر اُس شخص کے لیے جو اپنے پہلو

قَلْبٌ اَوْ اَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيْدٌ ﴿٣٧﴾

میں سوچنے والا دل رکھتا ہو اور جس کے سر میں (توجہ سے) سننے والا کان ہو۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ۖ وَّمَا مَسَّنَا مِنْ لُّغُوْبٍ ﴿٣٨﴾

(۳۸) بیشک ہم نے آسمانوں اور زمین، اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے، چھ دنوں میں پیدا کیا ہے اور ہمیں کچھ بھی تکان لاحق نہ ہوئی۔

فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ ﴿٣٩﴾

(۳۹) پس (اے نبیؐ!) جو کچھ یہ کہہ رہے ہیں، اس پر صبر کیجئے اور طلوعِ آفتاب اور غروبِ آفتاب سے پہلے اپنے رب کی حمد کے ساتھ اس کی تسبیح کرتے رہئے۔

وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ ﴿٤٠﴾

(۴۰) اور کچھ رات کے وقت اس کی تسبیح کیا کیجئے اور نمازوں کے بعد بھی!

وَاسْتَمِعْ يَوْمَ يُنَادِ الْمُنَادِ مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ﴿٤١﴾

(۴۱) اور پوری توجہ سے سنو! جس دن منادی کرنے والا قریبی مقام سے پکارے گا۔

يَّوْمَ يَسْمَعُوْنَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ۭ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُرُوْجِ ﴿٤٢﴾

(۴۲) جس دن یقینی طور پر سب لوگ اس چیخ کو سن لیں گے۔ وہ قبروں سے نکلنے کا دن ہوگا۔

اِنَّا نَحْنُ نُحْيٖ وَنُمِيْتُ وَاِلَيْنَا الْمَصِيْرُ ﴿٤٣﴾

(۴۳) بیشک ہم ہی زندہ کرتے ہیں اور ہم ہی موت دیتے ہیں اور ہماری طرف ہی سب کو لوٹ کر آنا ہے!

يَوْمَ تَشَقَّقُ الْاَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعًا ۭ ذٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيْرٌ ﴿٤٤﴾

(۴۴) جس دن لوگوں پر زمین کھل جائے گی اور وہ اس سے نکل کر تیزی سے بھاگے جا رہے ہوں گے۔ یہ حشر ہم پر نہایت ہی آسان ہے۔

نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِجَبَّارٍ ۣ فَذَكِّرْ بِالْقُرْاٰنِ مَنْ يَّخَافُ وَعِيْدِ ﴿٤٥﴾ ع ٣ ١٦ ١٧

(۴۵) (اے نبیؐ!) جو کچھ یہ کہہ رہے ہیں، ہم اسے خوب جانتے ہیں اور آپ ان پر جبر کرنے والے نہیں ہیں، بس تم اس قرآن کے ذریعہ ہر اس شخص کو نصیحت کرتے رہو جو میری وعید سے ڈرتا ہو!

اٰيَاتُهَا ٦٠ (٥١) سُوْرَةُ الذّٰرِيٰتِ مَكِّيَّةٌ (٦٧) رُكُوْعَاتُهَا ٣

سورۃ ذاریات مکی ہے اور اس میں ساٹھ آیتیں اور تین رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالذّٰرِيٰتِ ذَرْوًا ﴿١﴾

(۱) قسم ہے ان ہواؤں کی جو بادلوں کو اڑائے لئے پھرتی ہیں۔

فَالْحٰمِلٰتِ وِقْرًا ﴿٢﴾	(۲) پھر مینہ کا بوجھ اٹھاتی،
فَالْجٰرِيٰتِ يُسْرًا ﴿٣﴾	(۳) آہستہ آہستہ چلتی ہیں،
فَالْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا ﴿٤﴾	(۴) پھر بارانِ رحمت زمین پر تقسیم کرتی ہیں،
اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَصَادِقٌ ﴿٥﴾	(۵) یقیناً جس چیز سے تمہیں ڈرایا جارہا ہے وہ سچی ہے۔
وَّاِنَّ الدِّيْنَ لَوَاقِعٌ ﴿٦﴾	(۶) اور جزائے اعمال ضرور ملنے والی ہے۔
وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْحُبُكِ ﴿٧﴾	(۷) قسم ہے آسمان مختلف راستوں والے کی،
اِنَّكُمْ لَفِيْ قَوْلٍ مُّخْتَلِفٍ ﴿٨﴾	(۸) کہ تم لوگ (قرآن یا آخرت کے بارے میں) مختلف باتیں کر رہے ہو۔
يُّؤْفَكُ عَنْهُ مَنْ اُفِكَ ﴿٩﴾	(۹) اس کے ماننے سے وہی برگشتہ ہوتا ہے جو حق سے پھرا ہوا ہے۔
قُتِلَ الْخَرّٰصُوْنَ ﴿١٠﴾	(۱۰) ہلاک ہو جائیں! قیاس وگمان کرنے والے۔
الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ غَمْرَةٍ سَاهُوْنَ ﴿١١﴾	(۱۱) جو غفلت و جہالت میں بھولے ہوئے ہیں۔
يَسْـَٔلُوْنَ اَيَّانَ يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿١٢﴾	(۱۲) پوچھتے ہیں کہ روزِ جزا کب ہوگا؟
يَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ يُفْتَنُوْنَ ﴿١٣﴾	(۱۳) جس روز یہ آگ پر تپائے جائیں گے،
ذُوْقُوْا فِتْنَتَكُمْ ۭ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿١٤﴾	(۱۴) (ان سے کہا جائے گا) اپنی تکذیب کی جزا کا مزہ چکھو! یہی وہ عذاب ہے جس کے طلب کرنے میں تم جلدی کر رہے تھے۔
اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿١٥﴾	(۱۵) البتہ متقی لوگ باغوں اور چشموں میں ہوں گے۔
اٰخِذِيْنَ مَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُحْسِنِيْنَ ﴿١٦﴾	(۱۶) جو کچھ ان کے رب نے دیا ہوگا وہ اسے لے رہے ہوں گے۔ کیونکہ وہ اس سے قبل نیکوکار تھے۔
كَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ ﴿١٧﴾	(۱۷) وہ لوگ رات کو بہت کم ہی سویا کرتے تھے۔
وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿١٨﴾	(۱۸) اور بوقت سحر استغفار کیا کرتے تھے۔
وَفِيْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّاۗىِٕلِ وَالْمَحْرُوْمِ ﴿١٩﴾	(۱۹) اور ان کے اموال میں سائل اور محروم کا حق تھا۔

وَفِي الْأَرْضِ اٰيٰتٌ لِّلْمُوْقِنِيْنَ ﴿۲۰﴾	(۲۰) اوران لوگوں کے لئے جو (سچائی پر) یقین رکھنے والے ہیں (خدا کی کار فرمائی کی) کتنی ہی نشانیاں ہیں!
وَفِيْٓ اَنْفُسِكُمْ ۭ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۲۱﴾	(۲۱) اور خود تمہارے وجود میں بھی، پھر کیا تم نہیں دیکھتے؟
وَفِي السَّمَاۗءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ ﴿۲۲﴾	(۲۲) اور تمہارا رزق اور جو کچھ تم سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ سب آسمان میں ہے۔
فَوَرَبِّ السَّمَاۗءِ وَالْاَرْضِ اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِّثْلَ مَآ اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ ﴿۲۳﴾	(۲۳) آسمان اور زمین کے رب کی قسم! (یعنی ان کے پروردگاری کی شہادت دے رہی ہے) بلاشبہ وہ معاملہ (جزا و سزا کا) حق ہے، ٹھیک اسی طرح جیسے یہ بات کہ تم گویائی رکھتے ہو۔
هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ الْمُكْرَمِيْنَ ﴿۲۴﴾	(۲۴) (اے نبیؐ) کیا ابراہیمؑ کے معزز مہمانوں کا قصہ بھی آپ تک پہنچا ہے؟
اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ۭ قَالَ سَلٰمٌ ۚ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ﴿۲۵﴾	(۲۵) جب وہ مہمان ابراہیمؑ کے پاس آئے تو انہوں نے سلام کہا، ابراہیمؑ نے بھی کہا "سلام ہے، کچھ نا آشنا سے لوگ معلوم ہوتے ہیں!"
فَرَاغَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ فَجَاۗءَ بِعِجْلٍ سَمِيْنٍ ﴿۲۶﴾	(۲۶) پھر چپکے سے اپنے گھر والوں کے پاس گیا اور موٹا بچھڑا (کباب کرکے) لے آیا۔
فَقَرَّبَهٗٓ اِلَيْهِمْ قَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۲۷﴾	(۲۷) اور مہمانوں کے سامنے پیش کیا اور کہا "آپ حضرات کھاتے کیوں نہیں؟"
فَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً ۭ قَالُوْا لَا تَخَفْ ۭ وَبَشَّرُوْهُ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ ﴿۲۸﴾	(۲۸) پھر اپنے دل میں ان سے خوف محسوس کیا۔ انہوں نے کہا "ڈریئے نہیں!" اور (ساتھ ہی) ابراہیمؑ کو ایک ذی علم لڑکے کی بشارت دی۔
فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ فِيْ صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا وَقَالَتْ عَجُوْزٌ عَقِيْمٌ ﴿۲۹﴾	(۲۹) یہ سن کر ان کی بیوی حیران ہو کر سامنے آئی اور اس نے اپنے چہرہ پر (تعجب سے) ہاتھ مارا اور کہنے لگی (میں) بڑھیا، بانجھ!
قَالُوْا كَذٰلِكِ ۙ قَالَ رَبُّكِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ﴿۳۰﴾	(۳۰) انہوں نے کہا، "تیرے رب نے اسی طرح فرمایا ہے بیشک وہ حکیم و علیم ہے۔"

ع ۲۲ ۱۸

وقف لازم

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۳۱﴾
(۳۱) ابراہیمؑ نے کہا ''اے اللہ کے بھیجے ہوئے فرشتو! اب تمہیں کیا مہم درپیش ہے؟''

قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ ﴿۳۲﴾
(۳۲) انہوں نے جواب دیا، ''ہم ایک مجرم قوم کی طرف بھیجے گئے ہیں،

لِنُرْسِلَ عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ طِيْنٍ ﴿۳۳﴾
(۳۳) ''تاکہ ان پر پتھر برسائے جائیں کھنگر کے،

مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِيْنَ ﴿۳۴﴾
(۳۴) ''جو آپ کے رب کی جانب سے حد سے گزر جانے والی قوم کے لیے نشان زدہ ہیں''

فَاَخْرَجْنَا مَنْ كَانَ فِيْهَا مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳۵﴾
(۳۵) اور آخر کار ہم نے اس بستی میں جتنے ایماندار تھے، ان کو نکال لیا

فَمَا وَجَدْنَا فِيْهَا غَيْرَ بَيْتٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۳۶﴾
(۳۶) اور وہاں ہم نے مسلمانوں کے ایک گھر کے سوا اور کوئی گھرانا پایا ہی نہیں۔

وَتَرَكْنَا فِيْهَآ اٰيَةً لِّلَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿۳۷﴾
(۳۷) اور ہم نے ان تباہ شدہ بستیوں میں ایسے لوگوں کے لیے ایک نشانی چھوڑ دی جو دردناک عذاب سے ڈرتے ہیں۔

وَفِيْ مُوْسٰٓى اِذْ اَرْسَلْنٰهُ اِلٰى فِرْعَوْنَ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۸﴾
(۳۸) اور موسیٰؑ کے واقعہ میں بھی (عبرت آموز نشانی ہے) جب ہم نے اسے کھلی نشانی دے کر فرعون کی طرف بھیجا۔

فَتَوَلّٰى بِرُكْنِهٖ وَقَالَ سٰحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ﴿۳۹﴾
(۳۹) لیکن اس نے اپنی طاقت کے بل بوتے پر روگردانی کی اور کہنے لگا جادوگر ہے یا دیوانہ!

فَاَخَذْنٰهُ وَجُنُوْدَهٗ فَنَبَذْنٰهُمْ فِى الْيَمِّ وَهُوَ مُلِيْمٌ ﴿۴۰﴾
(۴۰) آخر کار ہم نے اسے اس کے لشکروں سمیت پکڑا، اور ان سب کو سمندر میں پھینک دیا اور وہ ملامت زدہ ہو کر رہ گیا۔

وَفِيْ عَادٍ اِذْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الرِّيْحَ الْعَقِيْمَ ﴿۴۱﴾
(۴۱) اور عاد کے قصہ میں بھی (عبرت کی نشانی ہے) جب ہم نے ان پر نامبارک آندھی بھیجی۔

مَا تَذَرُ مِنْ شَيْءٍ اَتَتْ عَلَيْهِ اِلَّا جَعَلَتْهُ كَالرَّمِيْمِ ﴿۴۲﴾
(۴۲) وہ، جس چیز پر بھی گزرتی اسے بوسیدہ (چورا چورا) کر کے رکھ دیتی۔

وَفِيْ ثَمُوْدَ اِذْ قِيْلَ لَهُمْ تَمَتَّعُوْا حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۴۳﴾
(۴۳) اور ثمود کے قصہ میں بھی (نشانِ عبرت ہے) جب ان سے کہا گیا کہ ایک (خاص) وقت تک فائدہ اٹھالو۔

فَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ۝۴۴

(۴۴) سو ان لوگوں نے اپنے رب کے حکم سے سرکشی کی، پھر ان کے دیکھتے ہی دیکھتے ان کو ایک ہولناک کڑک نے آ پکڑا۔

فَمَا اسْتَطَاعُوْا مِنْ قِيَامٍ وَّمَا كَانُوْا مُنْتَصِرِيْنَ ۝۴۵

(۴۵) پھر نہ تو وہ کھڑے ہی ہو سکے اور نہ ہم سے بدلہ ہی لے سکے۔

وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ۝۴۶ ع ۲ ۲۲

(۴۶) اور ان (مذکورہ قوموں) سے پہلے ہم قومِ نوح کو ہلاک کر چکے ہیں۔ کیونکہ وہ بڑے ہی نافرمان لوگ تھے۔

وَالسَّمَاۗءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْىدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ۝۴۷

(۴۷) اور ہم نے آسمان کو اپنی طاقت سے بنایا ہے اور ہم بڑی قدرت رکھنے والے ہیں۔

وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ۝۴۸

(۴۸) اور ہم نے زمین کو بچھایا، سو ہم کیا خوب بچھانے والے ہیں!

وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝۴۹

(۴۹) اور ہم نے ہر چیز سے جوڑے پیدا کر دیئے (یعنی دو دو اور متقابل اشیاء) شاید تم غور وفکر کرو!

فَفِرُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۭ اِنِّىْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۵۰

(۵۰) سو تم اللہ ہی کی طرف دوڑو، میں تم سب کے لیے اس کی طرف سے صاف طور پر ڈرانے والا ہوں۔

وَلَا تَجْعَلُوْا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۭ اِنِّىْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۵۱

(۵۱) اور اللہ کے ساتھ کسی اور کو معبود نہ ٹھہراؤ میں تم سب کے لیے اس کی طرف سے صاف طور پر ڈرانے والا ہوں۔

كَذٰلِكَ مَآ اَتَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا قَالُوْا سَاحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ۝۵۲

(۵۲) اسی طرح ان سے پہلے جو لوگ گزرے ہیں ان کے پاس کوئی ایسا رسول نہیں آیا جس کو انہوں نے جادوگر یا دیوانہ نہ کہا ہو۔

اَتَوَاصَوْا بِهٖ ۚ بَلْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ۝۵۳

(۵۳) کیا یہ ایک دوسرے کو اسی بات کی وصیت کرتے چلے آئے ہیں؟ نہیں، بلکہ یہ سب سرکش لوگ ہیں۔

فَتَوَلَّ عَنْهُمْ فَمَآ اَنْتَ بِمَلُوْمٍ ۝۵۴

(۵۴) سو آپ ان سے بے رخی کا برتاؤ کیجیے کیونکہ اب آپ پر کچھ ملامت نہیں ہے۔

وَّذَكِّرْ فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝۵۵

(۵۵) اور ذکر کرو! کہ ذکر، صاحبانِ حق کے لیے ضرور نفع بخش ہے۔

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ۝۵۶

(۵۶) اور ہم نے جنوں اور انسانوں کو اسی واسطے پیدا کیا ہے کہ وہ میری عبادت کریں۔

مَآ اُرِيْدُ مِنْهُمْ مِّنْ رِّزْقٍ وَّمَآ اُرِيْدُ اَنْ يُّطْعِمُوْنِ ﴿۵۷﴾

(۵۷) میں ان سے رزق کی خواہش نہیں کرتا اور نہ میں یہ چاہتا ہوں کہ وہ مجھے کھلایا کریں۔

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ﴿۵۸﴾

(۵۸) بیشک اللہ تعالیٰ خود ہی رزّاق، صاحبِ قوت اور زبردست ہے۔

فَاِنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذَنُوْبًا مِّثْلَ ذَنُوْبِ اَصْحٰبِهِمْ فَلَا يَسْتَعْجِلُوْنِ ﴿۵۹﴾

(۵۹) ان ظالموں کے لیے بھی عذاب کا ایک حصہ مقرر ہے جیسا کہ ان کے ہم مشربوں کو حصہ مل چکا ہے لہٰذا یہ عذاب مانگنے میں جلدی نہ کریں۔

فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ يَّوْمِهِمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ﴿۶۰﴾ ع ۳/۱۴

(۶۰) غرض ان کافروں کے لیے اس دن بڑی خرابی ہوگی جس کا انہیں خوف دلایا جا رہا ہے۔

اٰیاتہا ۴۹ (۵۲) سُوْرَۃُ الطُّوْرِ مَكِّيَّةٌ (۷۶) رکوعاتہا ۲

سورۃ الطور مکی ہے اور اس میں انچاس آیتیں اور دو رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالطُّوْرِ ﴿۱﴾

(۱) قسم ہے طور کی،

وَكِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ ﴿۲﴾ فِيْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ ﴿۳﴾

(۲-۳) اور کتاب کی جو کھلی رقیق جلد میں لکھی ہوئی ہے،

وَّالْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ ﴿۴﴾

(۴) اور آباد گھر کی،

وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ ﴿۵﴾

(۵) اور اونچی چھت کی،

وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ ﴿۶﴾

(۶) اور بھڑکائے ہوئے سمندر کی،

اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ ﴿۷﴾

(۷) بیشک آپ کے رب کا عذاب واقع ہو کر رہے گا۔

مَّا لَهٗ مِنْ دَافِعٍ ﴿۸﴾

(۸) جسے کوئی دفع کرنے والا نہیں ہے۔

يَّوْمَ تَمُوْرُ السَّمَآءُ مَوْرًا ﴿۹﴾

(۹) جس دن آسمان زور سے لرزائے گا۔

وَّتَسِيْرُ الْجِبَالُ سَيْرًا ﴿۱۰﴾

(۱۰) اور پہاڑ نہایت تیزی سے چلیں گے۔

فَوَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۱﴾

(۱۱) سو تباہی ہے اس روز جھٹلانے والوں کے لیے!

الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ خَوْضٍ يَّلْعَبُوْنَ ﴿۱۲﴾ وقف لازم

(۱۲) جو بے ہودہ نکتہ چینیوں میں کھیل رہے ہیں۔

يَوْمَ يُدَعُّوْنَ اِلٰى نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا ﴿۱۳﴾

(۱۳) جس دن یہ لوگ دھکے مار مار کر دوزخ کی طرف دھکیلے جائیں گے۔